سوال

(360) جنتر، منتر، تعویذ اور گنڈا شرک ہے

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

عبداللہ بن معسود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو یہ کہتے سنا ہے کہ :

((إنَّ الرُّقى والتَّمائمَ والتِّوَلةَ شِركٌ))

جنتر، منتر، تعویذ اور گنڈا شرک ہے۔

اور جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میرا ایک ماموں تھا جو بچھو کے کاٹے کے لیے جھاڑ پھونک کیا کرتا تھا جب رسول اللہ ﷺ نے جھاڑ پھونک سے منع فرمایا تو وہ آپ ﷺ کے پاس آیا اور کہنے لگا : ''اے اللہ کے رسول ﷺ! آپ نے جھاڑ پھونک سے منع فرمایا ہے جبکہ میں بچھو کے کاٹے کا جھاڑ پھونک (دم) کرتا ہوں'' تو آپ ﷺ نے فرمایا : ''اگر کوئی اپنے بھائی کو فائدہ پہنچا سکتا ہے، تو اسے وہ کام کرنا چاہیے''۔

جھاڑ پھونک کے بارے میں ایک حدیث ممانعت کی ہے دوسری جواز کی۔ ان دونوں میں تطبیق کی کیا صورت ہے؟ اگر کوئی بیمار شخص اپنے سینے پر قرآن کی آیات والا تعویذ لٹکائے تو اس کا کیا حکم ہے؟

عبدالرحمن۔ س۔ ف۔ الریاض

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علی رسول اللہ، أما بعد!

جس جھاڑ پھونک سے منع کیا گیا ہے وہ وہ ہے جس میں شرک ہو یا غیر اللہ سے توسل ہو، یا اس کے الفاظ مجہول ہوں جن کی سمجھ نہ آسکے۔

رہا کسی ڈسے ہوئے آدمی کو دم جھاڑ کرنے کا مسئلہ تو یہ جائز ہیا ور شفاء کا بڑا ذریعہ ہے کیونکہ نبی ﷺ نے فرمایا ہے :

((لا بأسَ بالرُّقى مالَم تكُن شركاً))

''جس دم جھاڑ میں شرک نہ ہو اس میں کوئی حرج نہیں''

نیز آپ ﷺ نے فرمایا :

((مَنِ استطَاعَ أَن يَنفعَ أَخَاه فَلْيَنْفَعْهُ))

''جو شخص اپنے بھائی کو فائدہ پہنچا سکتا ہو اسے وہ کام کرنا چاہیے''

ان دونوں احادیث کی مسلم نے اپنی صحیح میں تخریج کی ہے۔ نیز آپ ﷺ نے فرمایا :

((لا رُقيةَ إلا مِن عينٍ أَو حُمَةٍ))

''دم جھاڑ نظر بد اور بخار کے لیے ہی ہوتا ہے''

جس کا معنی یہ ہے کہ ان دو باتوں میں ہی دم جھاڑ بہتر اور شفا بخش ہوتا ہے اور نبی ﷺ نے خود دم جھاڑ کیا بھی ہے اور کرایا بھی ہے

رہا دم جھاڑ یا تعویذ کو مریضوں اور بچوں کے گلے میں لٹکانا تو یہ جائز نہیں۔ ایسے لٹکائے ہوئے تعویذ کو تمائم بھی کہتے ہیں اور حروز اور جوامع بھی۔ اور حق بات یہ ہے کہ یہ حرام اور شرک کی اقسام میں سے ایک قسم ہے کیونکہ نبی ﷺ نے فرمایا ہے :

((مَن تعلَّق تميمة فلا أَتمَّ اللهُ لَه، ومَن تعلَّق وَدعةً فلا وَدَع اللهُ له۔))

''جس شخص نے تعویذ لٹکایا اللہ تعالی اس کا بچاؤ نہیں کرے گا اور جس نے گھونگا باندھا وہ اللہ کی حفاظت میں نہ رہا''

نیز آپ ﷺ نے فرمایا :

((مَن تعلَّق تميمةً فقد أَشرَكَ))

''جس نے تعویذ لٹکایا اس نے شرک کیا''

نیز آپ ﷺ نے فرمایا :

((إنَّ الرُّقى وَالتَّمائمَ والتِّوَلةَ شِرْكٌ))

دم جھاڑ، تعویذ اور گنڈا شرک ہے''

ایسے تعویذ جن میں قرآنی آیات یا مباح دعائیں ہوں ان کے بارے علماء کا اختلاف ہے کہ آیا وہ حرام ہیں یا نہیں ؟ اور راہ صواب یہی ہے کہ وہ دو وجوہ کی بنا پر حرام ہیں۔

ایک وجہ تو مذکورہ احادیث کی عمومت ہے کیوں کہ یہ احادیث قرآنی اور غیر قرآنی ہر طرح کے تعویذوں کے لیے عام ہیں۔

اور دوسری وجہ شرک کا سدباب ہے کیونکہ جب قرآنی تعویذوں کو مباح قرار دے جائے تو ان میں دوسرے بھی شامل ہو کر معاملہ کو مشتبہ بنا دیں گے اور ان سے مشرک کا دروازہ کھل جائے گا۔ جبکہ یہ بات معلوم ہے کہ جو ذرائع شرک یا معاصی تک پہنچانے والے ہوں ان کا سدباب شریعت کے بڑے قواعد میں سے ایک قاعدہ ہے اور توفیق تو اللہ ہی سے

ہے۔

فتاوی بن باز رحمہ اللہ

جلداول - صفحہ 32

محدث فتویٰ